4523- محرم کے بغیر عورت کا سفر

سوال

مجھے علم ہے کہ عورت کے لیے ایک دن اور رات کا سفر محرم کے بغیر کرنا حرام ہے ، کیا عورت کے لیے جائز ہے کہ اسے جہاز تک محرم پہنچا آئے اور جہاز سے اترتے وقت دوسرا محرم اسے لے آئے ؟
یہ سارا سفر دس گھنٹے میں ہوگا

پسندیدہ جواب

عورت کے لیے بغیر محرم کے سفر کرنا جائز نہیں اس کی دلیل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مندرجہ ذیل فرمان کا عموم ہے :

(اللہ تعالی اور آخرت کے دن پر ایمان رکھنے والی عورت کے لیے محرم کے بغیر سفر کرنا حلال نہیں) ۔

اور محرم کی موجودگی کا ھدف اور مقصد عورت کی حفاظت اور دیکھ بھال اور اس کے معاملہ کو نپٹانا ہے اور خاص کر جب کوئی نقصان دینے والے معاملات پیدا ہو جائیں ، اور سفر تو اس سے بھرا پڑا ہے اس میں مدت کو نہیں دیکھا جائے گا بلکہ لوگ جسے سفر کہتے ہیں وہ اسی طرح ہے ، اور اس وقت اس پر سفر کے احکامات لاگو ہونگے ۔

آپ محارم کے احکام کی مزید تفصیل دیکھنے کے لیے سوال نمبر (5538) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں ۔

واللہ اعلم .